Umer Aziz Khan
Batch = 343
45-mins
Aug 4, 2023

سوال نمبر: 07
Pg-1

اسلام میں عورت کا مقام:

تعارف:

اسلام ایک مکمل ضابطہ حیات ہے اسلام عورت کو سماجی، روحانی، اخلاقی، اقتصادی اور سیاسی مقام مہیا کرتا ہے۔ اسلام میں عورت کو خاص مقام حاصل ہے۔ عورت کے بنیادی حق، ضروریات کا خیال خوب رکھا گیا ہے۔ اسلام سے پہلے زمانہ جاہلیت میں عورت کو حقارت کی نظر سے دیکھا جاتا تھا۔ ان کو وراثت میں حصہ نہ دیا جاتا تھا بلکہ عورت کو ہی وراثت سمجھا جاتا تھا۔ زمانہ جاہلیت میں بچیوں کو زندہ درگور کر دیا جاتا اور بیویوں کے ساتھ ظالمانہ سلوک کیا جاتا تھا، جبکہ اسلام نے عورت کو ماں، بیٹی، بہن اور بیوی کی حیثیت سے عزت بخشی ہے۔ عورت کے حقو

عورت کے حقوق ہمیں قرآن و حدیث کی صورت میں ملتے ہیں۔ دور حاضر میں عورت کو جو مسائل درپیش ہیں وہ سارے مسائل اچھیا دی کے ذریعے حل کئے جا سکتے ہیں اجتہاد کو اسلام میں کافی اہم حیثیت حاصل ہے اور دور حاضر کے عورتوں کے تمام مسائل کو اجتہاد کے ذریعے ہی حل کیا جاسکتا ہے کیونکہ اسلام نے عورت کو مکمل شخصیت کا حق اور اس کا استعمال کی حیثیت دی ہے۔

قدیم تہذیبوں میں عورت کا مقام۔

قدیم تہذیبوں میں عورت کے ساتھ ظالمانہ سلوک اور رویہ روا رکھا جاتا تھا۔ عورت کو محض وراثت سمجھا جاتا تھا۔ عورت پر ظلم ایک رواج سے کم نہ تھا۔ ان کو وراثت میں حصہ نہ دیا جاتا تھا۔ ان کی وراثت کا حصہ سلب کر دیا جاتا تھا اور عورت ان کے سامنے آواز تک نہیں اٹھا سکتی تھی کیونکہ آواز اٹھانے پر اس پر طرح طرح کے مظالم ڈھائے جاتے تھے۔

زمانہ جاہلیت میں لوگ اپنی بیویوں پر ظلم کیا کرتے تھے۔ لوگ اپنی بیویوں کی عزت تک نہ کرتے اور انہیں سر عام رسوا کیا جاتا۔ ان کا حق مارا جاتا اور انہیں وراثت سے علیحدہ کر دیا جاتا تھا۔ رسول اللہ ﷺ سے پہلے زمانہ جاہلیت میں لوگ اپنی بچیوں کو زندہ درگور کر دیا کرتے تھے۔ انہیں اپنی بچیوں پر ذرا بھی ترس نہ آتا کہ وہ تو اپنی بچیوں کو نحوست کی وجہ اور مصیبت سمجھا کرتے تھے۔ جب بھی ان کے ہاں بچی پیدا ہوتی تو وہ ان کو اپنی عزت میں کمی کی وجہ سمجھتے تھے ہو بنتیجتاً انہیں زندہ درگور کر دیا کرتے تھے۔

keep the description of the headings brief and divide it into subheadings.

اسلام میں عورت کا مقام:

اسلام میں عورت کا مرتبہ و مقام زمانہ جاہلیت سے بالکل مختلف ہے۔ اسلام نے عورت کو روحانی، سماجی، اقتصادی اور سیاسی اعتبار سے عزت بخشی ہے۔

اسلام عورت کے حقوق کی حفاظت کی ضمانت دیتا ہے۔
اسلام عورت کو احکام الہیٰ کی فرمانبرداری اور حقوق فراہم کرتا ہے

(۲) عورت بحیثیت بیٹی:

اسلام میں بیٹی کو جو عزت و مرتبہ دیا ہے وہ دنیا کے کسی بھی کونے میں نہیں ملتا ہے اسلام سے پہلے بیٹیوں کو زندہ درگور کر دیا جاتا تھا۔ جبکہ رسول اللہ ؐ نے اس معیوب کو ختم کیا اور فرمایا

"جو کوئی اپنی بیٹی کی نگہداشت کرے گا اسے تکلیف نہیں پہنچائے گا اور بیٹوں کو بیٹی پر فوقیت نہیں دے گا تو وہ جنت میں داخل ہوگا۔"

اسی طرح ایک اور مقام پر ارشاد فرمایا۔

"اگر کوئی اپنی دو بیٹیوں کی نگہداشت کرے گا کہ وہ جب بلوغت تک پہنچ جائیں تو قیامت والے دن وہ میرے ساتھ اس طرح ہوگا جیسے میری یہ دو انگلیاں ہیں۔"

one reference/hadith is enough for a single heading.

(۳) عورت بحیثیت بیوی:

اسلام نے عورت کی عزت کی تاکید کی ہے اسلام میں اپنی بیویوں کے ساتھ اچھا سلوک کی اور ان کی عزت کا حکم ہے عورتوں کے ساتھ اچھے سلوک کی تلقین کی گئی ہے قرآن میں حدیث میں آیا ہے۔

"تم میں سے سب سے بہتر وہ ہے جو اپنے گھر (بیوی) کے والوں کے ساتھ بہتر ہے اور میں اپنے گھر والوں سے سب سے اچھا ہوں۔"

(۷) عورت بحیثیت ماں:

اسلام نے عورت کو ماں کی حیثیت سے جو عزت و مقام دیا ہے وہ دنیا کے کسی بھی مذہب میں نہیں ملتا۔ حدیث میں آتا ہے کہ:

"جنت ماں کے قدموں تلے ہے۔"

اسلام میں سب برابر:

اسلام میں سب کو برابری کا حق دیا گیا ہے اللہ تعالیٰ کی نظر میں ہر انسان برابر ہیں۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ عورت کو روحانی اور معاشی طریقے سے مرد کے برابر درجہ دیا گیا ہے قرآن میں آتا ہے

"اے لوگو! عورتوں سے معاملہ کرتے وقت اللہ سے ڈرتے رہو کیونکہ تم نے اللہ کی نگرانی میں ان کو اپنے اوپر حلال کیا ہے"

(القرآن)

اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے عورت کو برابر کی حیثیت سے پیدا کیا ہے۔

try to add the arabic of quranic ayats as well.

Fri. Aug 4, 2023

M T W T F S　　　　　　　　تاریخ: ________

اسلام میں عورت کے حقوق:

اسلام نے عورت کے جو حقوق متعین کئے ہیں وہ درج ذیل ہیں

(1) جینے کا حق:

اسلام نے عورت کو جینے کا پورا پورا حق دیا ہے عورت سے یہ حق کوئی بھی سلب نہیں کر سکتا ہے۔ معاشرے میں مرد کو جس طرح جینے کا حق حاصل ہے اسی طرح اسلام نے عورت کو بھی جینے کا حق دیا ہے

add references/examples against each of your arguments.

(2) بنیادی ضروریات کا حق:

اسلام عورت کو بنیادی ضروریات کا حق مہیا کرتا ہے اسلام میں مرد پر فرض کیا ہے کہ عورت کی تمام بنیادی ضروریات جیسے کھانا، پینا، گھر وغیرہ کا بندوبست کرے۔

(3) تعلیم کا حق:

اسلام نے عورتوں کی تعلیم پر بہت زیادہ اہمیت دی گئی ہے اسلام میں عورت کو مرد کی طرح تعلیم کا پورا پورا حق حاصل ہے حدیث میں آتا ہے کہ

"علم حاصل کرنا ہر مسلمان پر فرض ہے۔"

M T W T F S

تاریخ: ______

(۱) شادی کے لیے رضامندی کا حق:

اسلام میں واضح طور پر یہ حق دیا گیا ہے کہ جب کسی عورت کی شادی کی جا رہی ہو جب بھی کوئی والد ماں باپ اپنی بیٹی کی شادی کا ارادہ کریں تو وہ اپنی بیٹی کی رضامندی ضرور لیں گے بیٹی کی رضامندی کے بغیر رشتہ نہیں کیا جا سکتا ہے جس سے

(۲) خلع کا حق:

شادی کے بعد اگر خدانخواستہ گھر کے حالات صحیح سے نہ چل رہے ہوں تو ایسی حالت میں عورت کو اسلام نے یہ حق دیا ہے کہ وہ اپنے خاوند سے خلع لے سکتی ہے اسلام میں اس کی اجازت ہے

(۳) دوبارہ شادی کا حق:

خلع کے بعد چونکہ معاشرے میں عورت کو حقارت نظروں سے دیکھا جاتا ہے۔ اسے برا بھلا کہا جاتا ہے۔ اسلام نے اس سب کو ختم کر دیا ہے اور تمام فرق ختم کر دیا ہے بلکہ عورت کو دوبارہ شادی کا حق بھی دیا اور اور اپنی رضامندی سے کرانے کا حق بھی دیا ہے۔

(۴) وراثت کا حق:

اسلام میں عورتوں کے حقوق میں سے ایک حق یہ بھی ہے کہ ان کو ان کی وراثت کا حصہ

M T W T F S　　　　　　　　تاریخ: ______

جا جاتا اور اسلام نے عورت کا باقاعدہ حصہ وراثت میں سے دیا ہے

(۷) وراثت کا حصہ:

عام طور پر اگر دیکھا جائے تو معاشرے میں عورت کو وراثت کا حصہ ہی نہیں سمجھا جاتا ہے عورت کی شادی کے بعد وہ اس کو اپنے سسرال والوں کی ذمہ داری سمجھتے ہیں اور اسکو وراثت کا حصہ ہی نہیں دیتے ہیں اسلام نے عورت کو باقاعدہ طور پر وراثت کا حقدار بنایا ہے

(۸) سیاسی حق:

اسلام نے عورت کو سیاسی حالات کے حوالے سے بھی حق دیا ہے رسول اللہ ﷺ کے دور میں بھی عورتیں سیاسی مشورے دیا کرتی رہیں۔ حضرت عمرؓ کے دور میں ایک عورت نے مسجد میں ان کے ساتھ مباحثہ کیا اور سارے مجمع کے سامنے بتلا دیا کہ عورت حق بجانب تھیں موجودہ دور میں بھی اکثر اسلامی ممالک میں عورتیں سیاسی سرگرمیاں سرانجام دے رہی ہیں۔

(۹) تجارت کرنے کا حق:

اسلام نے عورت کو تجارت کی مکمل آزادی دی ہے اس سلسلے میں حضرت خدیجہؓ کی مثال ہمارے سامنے ہے جو کہ دور رسول ﷺ کی

زوجہ اور ام المومنین ہیں۔ حضرت خدیجہ مکہ کی ایک
مال دار تجارتی خاتون تھیں

۷۔ بچے کو دودھ پلانے کا معاوضہ لے سکتی ہے۔

اسلام نے عورت کو اس بات کا حق دیا ہے کہ وہ اپنے بچے کو دودھ پلانے کا معاوضہ بھی اپنے خاوند سے لے سکتی ہے۔ یعنی جو دودھ وہ اپنے بچے یا بیٹی کو پلاتی ہے اس کا معاوضہ وصول کر سکتی ہے۔

حاصل کلام:

اسلام نے عورت کو مکمل شخصیت اور روحانی، سماجی، معاشی، سیاسی اور اقتصادی آزادی کا حق دیا ہے۔ اسلام کے طریقے پر چل کر کوئی بھی ملک ترقی اور خاندان خوشحال ہو سکتا ہے۔ دورِ حاضر کی عورت کے مسائل کو رجحانات دور کر کے ترمیم سے حاصل کیا جا سکتا ہے

improve the references and the paper presentation of the answer.